رہبر معظم کا معذور و جانباز کھلاڑیوں کی کامیابی پر شکریہ - 21 /Dec/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے پیغام میں چین کے شہر گوانگجو میں ایشیائی پیرااولمپکس مقابلوں میں اسلامی جمہوریہ ایران کے جانباز اور معذور کھلاڑیوں کی شاندار کامیابی پر قدردانی اور شکریہ ادا کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

آپ عزیز اور با ہمت جوانوں کا شکریہ

آپ نے عوام کے دلوں کو شاد و خوشحال اور کھیل کے میدانوں میں انھیں سرافراز کیا ہے۔

خداوند متعالآپ کو سعادت عطا فرمائےاور آپ کی عاقبت کو نیک قراردے۔

یاد رہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے جانباز اور معذور کھلاڑیوں نے کل رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام ایک خط میں اپنے تمام 80 میڈلز کو ان کی خدمت میں پیش کیا ہے۔